## سوال

(564) مکہ پہنچتے ہی ماہواری شروع ہوگئی؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس عورت کا کیا حکم ہے کہ مکہ پہنچنے کے بعد اسے ماہواری شروع ہو جائے اور اس کے گھر والے واپسی کے لیے تیار ہوں، تو کیا وہ لوگ انتظار کریں یا سفر کریں؟ سفر خواہ تھوڑا ہو یا زیادہ، کیا حکم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اسے ماہواری طواف شروع کرنے سے پہلے آجائے تو اسے انتظار کرنا چاہیئے حتیٰ کہ پاک ہو، اس کے بعد ہی یہ طواف کرے اور اپنا عمرہ مکمل کرے۔ ہاں اگر اس نے احرام کے وقت عذر کی شرط کر لی ہو اور یوں کہا ہو: "اگر مجھے کسی عذر نے روک لیا ہو تو میں وہیں حلال ہو جاؤں گی جہاں یہ مجھے روکے گا" تو اس صورت میں یہ حلال ہو جائے، اور اپنے گھر والوں کے ساتھ روانہ ہو جائے، اس پر کوئی حرج نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 403**

محدث فتویٰ